© rasailojaraid.com



عینک فریدی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆صدر ۲۳/مارچ کو لاہور میں بابِ پاکستان کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔(ایک خبر)

❑ جس کا ایک کواڑ ٹوٹا ہوا ہوگا۔

☆ڈاکٹر قدیر سے تحقیقات جاری ہیں۔(دفتر خارجہ)

❑ وہ معافی کیا ہوئی وہ وعدے کہاں گئے!

☆سرائیکیوں کو حقوق نہ ملے تو وہ بھی دھماکوں پر مجبور ہوں گے۔(تاج محمد لنگاہ)

❑ سبحان اللہ! صدقے تھیواں! جتھ سائیں دا پیر ڈاتری پھیر نہ پھیر

☆پیپلز پارٹی سے کچھ لو، کچھ دو پر سمجھوتہ ممکن ہے۔(شیخ رشید)

شیخ کیا خوب ہیں بیمار ہوئے جس کے سبب اُسی عطار کی لونڈی سے دو الیتے ہیں

☆گورنر بلوچستان نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا فضائی معائنہ کیا۔(ایک خبر)

❑ مصیبت زدہ عوام کو دور سے سلام!

☆شہباز شریف کی تیسری شادی۔ماں نے بات تک نہ کی۔(ایک خبر)

ماں باپ کا جسے نہ بڑھاپے میں ہو خیال اُس ناسعید بیٹے کی قسمت اُلٹ گئی

☆بسنت نائٹ: لاہور پر رنگ و نور کی بارش، فائرنگ کرنے والے ۱۵۰ منچلے گرفتار، پولیس کی سرپرستی میں مجرے، اربوں روپے کی پتنگیں ہوا کی نذر۔(ایک خبر)

☆لاہور: اچھرہ بازار میں دھاتی ڈور کی وجہ سے بجلی کے ٹرانسفارمر میں آگ بھڑک اٹھی ۲۰۰ دکانیں تباہ، نوجوان ہلاک (دوسری خبر)

☆بسنت اور میراتھن ریس جیسی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیے۔(صدر پرویز)

❑ الناس علی دین ملوکھم ''لوگ اپنے بادشاہوں کے دین پر چلتے ہیں۔''

☆امریکی امداد سے پرائمری تا ہائر سیکنڈری قومی نصاب پر نظر ثانی کا منصوبہ تیار۔(وزارت تعلیم کے سینئر افسروں کا احتجاج)

❑ غلامی کا نیا ایڈیشن آرہا ہے۔

☆۲۰۰۶ء میں تعلیمی نظام آغا خان بورڈ کے حوالے کر دیا جائے گا۔(ایک خبر)

❑ عوام انتظار کریں۔جلد ہی ملک بھی آغا خان کو فروخت کر دیا جائے گا۔

© rasailojaraid.com